www.prepp.in

Exam Date:- 02/10/21 [M]

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 16
Number of Pages in Booklet : 16
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150
**Paper Code : 33**
**Sub: Urdu-I**

प्रश्न-पत्र पुस्तिका संख्या /
Question Paper Booklet No.

8242877

# APCE-12

समय : 3.00 घण्टे
Time : 3.00 Hours

## Paper - I

अधिकतम अंक : 75
Maximum Marks : 75

**प्रश्न-पत्र पुस्तिका एवं उत्तर पत्रक के पेपर सील/पॉलिथीन बैग को खोलने पर परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि उसके प्रश्न-पत्र पुस्तिका पर वही प्रश्न-पत्र पुस्तिका संख्या अंकित है जो उत्तर पत्रक पर अंकित है । इसमें कोई भिन्नता हो तो परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें । ऐसा सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी ।**

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Paper Booklet the candidate should ensure that Question Paper Booklet No. of the Question Paper Booklet and Answer Sheet must be same. If there is any difference, candidate must obtain another Question Paper Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this.**

### परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. सभी प्रश्नों के उत्तर दीजिए ।
2. सभी प्रश्नों के अंक समान हैं ।
3. प्रत्येक प्रश्न का केवल एक ही उत्तर दीजिए ।
4. एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
5. प्रत्येक प्रश्न के चार वैकल्पिक उत्तर दिये गये हैं, जिन्हें क्रमश: 1, 2, 3, 4 अंकित किया गया है । अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले अथवा बबल को उत्तर-पत्रक पर **नीले बॉल प्वाइंट पेन** से गहरा करना है ।
6. **OMR** उत्तर-पत्रक इस परीक्षा पुस्तिका के अन्दर रखा है । जब आपको परीक्षा पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें ।
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा ।** गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है । किसी भी प्रश्न से संबंधित गोले या बबल को खाली छोड़ना गलत उत्तर नहीं माना जायेगा ।
8. मोबाइल फोन अथवा इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है । यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी ।
9. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें । गलत अथवा अपूर्ण रोल नम्बर भरने पर 5 अंक कुल प्राप्तांकों में से काटे जा सकते हैं ।

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए विविध नियमों-प्रावधानों के तहत कार्यवाही की जाएगी । साथ ही विभाग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली विभाग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है ।

### INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. Answer **all** questions.
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question.
4. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
5. Each question has four alternative responses marked serially as **1, 2, 3, 4**. You have to darken only one circle or bubble indicating the correct answer on the Answer Sheet using **BLUE BALL POINT PEN**.
6. The **OMR** Answer Sheet is inside this Test Booklet. When you are directed to open the Test Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **blue ball point pen** only.
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question. Leaving all the relevant circles or bubbles of any question blank will not be considered as wrong answer.
8. Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt as per rules.
9. Please correctly fill your Roll Number in O.M.R. Sheet. **5 Marks** can be deducted for filling wrong or incomplete Roll Number.

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would liable to be prosecuted. Department may also debar him/her permanently from all future examinations.

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**

33-□

Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

1. دردؔ کے والد کا نام کیا تھا؟
(1) خواجہ علی بخش (2) خواجہ محمد عاشق
(3) خواجہ احمد (4) خواجہ محمد ناصر

2. آتشؔ کے والد کس کے عہد میں ترکِ وطن کر کے فیض آباد آئے تھے؟
(1) سراج الدولہ
(2) شجاع الدولہ
(3) واجد علی شاہ
(4) نواب مصطفیٰ خاں

3. ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(1) تلمیح (2) استعارہ
(3) تجاہلِ عارفانہ (4) تشبیہ

4. 'سانیٹ' کس زبان سے مشتق ہے؟
(1) اطالوی (2) انگریزی
(3) فرانسیسی (4) جرمن

5. "بلینک ورس" کو اردو میں کہتے ہیں
(1) آزاد نظم (2) نثری نظم
(3) معرا نظم (4) واسوخت

6. کون سی نظم شعری ہیئت، عروض اور قافیے کی پابندی سے آزاد ہے؟
(1) نثری نظم (2) معرا نظم
(3) آزاد نظم (4) مسدس

7. اندرونی ہیئت کے اعتبار سے اردو فارسی میں مثنوی کی کتنی بحریں مروج رہی ہیں؟
(1) تین (2) پانچ
(3) چھ (4) سات

8. 'بوستانِ خیال' کا مصنف کون ہے؟
(1) ولی
(2) وجہی
(3) نصرتی
(4) سراج اورنگ آبادی

9. واقعہ نگاری کس صنف کی اہم خصوصیت ہے؟
(1) غزل (2) قصیدہ
(3) مثنوی (4) رُباعی

10. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے
(1) سراپا – گریز (2) تشبیب – مدح
(3) رجز – مدعا (4) مطلع – بین

11. خطابیہ اور تمہیدیہ کا تعلق کس صنف سے ہے؟
(1) مرثیہ (2) مثنوی
(3) قصیدہ (4) شہر آشوب

12. "میرا حال مجھ سے کیا پوچھتے ہو، ایک آدھ روز میں ہمسایوں سے پوچھ لینا" یہ الفاظ کس نے اپنی موت سے ایک دن پہلے لکھوائے تھے؟
(1) بہادر شاہ ظفر (2) میر
(3) سودا (4) غالب

13. 'علی نامہ' کس نوعیت کی مثنوی ہے؟
(1) بزمیہ (2) رزمیہ
(3) حمدیہ (4) فکریہ

14. مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجراں کا
طلوع صبح محشر چاک ہے، میرے گریباں کا
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
(1) آتش (2) مصحفی
(3) ناسخ (4) انشا

15. قدیم اردو کو "گھر بھاکا" کس نے کہا تھا؟
(1) محمد حسین آزاد
(2) شاہ نصیر
(3) مسعود حسین خاں
(4) شاہ میراں جی

16. 'دوہے' کا پہلا حصہ کتنی ماتراؤں پر مشتمل ہوتا ہے؟
(1) 11 (2) 12
(3) 13 (4) 14

17. طالع سے کسے تھی ایسی اُمّید
نکلا ہے کدھر سے آج خورشید
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(1) تجاہل عارفانہ (2) تنسیق الصفات
(3) مجاز (4) استعارہ

18. شعر کو مکمل کیجیے :
میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی ........ کی سی ہے
(1) شباب (2) شراب
(3) عذاب (4) خراب

19. قاضی عبدالودود کو ادب میں کس حیثیت سے جانا جاتا ہے؟
(1) شاعر (2) محقق
(3) ماہر لسانیات (4) نجومی

20. 'چند ہم عصر' کے مصنف کون ہیں؟
(1) نورالحسن ہاشمی (2) خواجہ احمد عباس
(3) عبدالحق (4) مالک رام

21. "نئے اور پرانے چراغ" کس کی تصنیف ہے؟
(1) اختر حسین (2) احتشام حسین
(3) کلیم الدین احمد (4) آل احمد سرور

22. صحیح جوڑ کی نشان دہی کیجیے :
(1) شعرائے اردو کے تذکرے-کلیم الدین احمد
(2) اردو تنقید پر ایک نظر – احتشام حسین
(3) تنقیدی حاشیے – مجنوں گورکھپوری
(4) روحِ انیس – نیاز فتح پوری



Prepp+ Subscription
Only ~~(₹999)~~ ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

.23 تنقید کے ابتدائی نمونے کس میں ملتے ہیں ؟
(1) سوانح میں (2) تذکروں میں
(3) رسائل میں (4) شعروشاعری میں

.24 آلِ احمد سرور نے اردو شاعری کا پہلا مینی فیسٹو (منشور) کسے کہا ہے ؟
(1) مقدمۂ تاریخ زبانِ اُردو
(2) آبِ حیات
(3) مقدمۂ شعروشاعری
(4) مقدمۂ باغ و بہار

.25 ''تنقید ادب کے ساتھ وہ سلوک کرتی ہے جو ڈاکٹر جسم کے ساتھ کرتا ہے یعنی اس کی صحت کا خیال رکھتا ہے'' یہ قول کس کا ہے ؟
(1) چے خف (2) فلابیر
(3) کارل مارکس (4) رچرڈس

.26 ماہر غالبیات کے نام سے کسے جانا جاتا ہے ؟
(1) محمود شیرانی
(2) امتیاز علی خاں عرشی
(3) نورالحسن ہاشمی
(4) مسعود حسین خاں

.27 ذوقؔ کو خاقانیِ ہند کا خطاب کس نے دیا ؟
(1) محمد شاہ (2) اکبرشاہ ثانی
(3) واجد علی شاہ (4) بہادرشاہ ظفرؔ

.28 میر حسنؔ نے کس سے اپنے کلام پر اصلاح لی تھی ؟
(1) میرؔ (2) آتشؔ
(3) ذوقؔ (4) سوداؔ

.29 دیا شنکر نسیمؔ کا خاندان کہاں سے آ کر لکھنؤ میں آباد ہوا ؟
(1) دہلی (2) پنجاب
(3) راجستھان (4) کشمیر

.30 مومنؔ نے کس سے مشورۂ سخن کیا ؟
(1) ذوقؔ (2) غالبؔ
(3) شاہ نصیر (4) آرزو

.31 'تنقیدی مقالات' کے مصنف کون ہیں ؟
(1) احتشام حسین
(2) محی الدین قادری زورؔ
(3) سید عبداللہ
(4) کلیم الدین احمد

.32 ''تاریخِ داستانِ اُردو'' کس کی تصنیف ہے ؟
(1) حامد حسن قادری
(2) مسعود حسن رضوی
(3) عبدالحق
(4) محمد حسین آزاد



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in

33. ٹین اور ہرڈر کس طرح کی تنقید کے محرک تھے ؟

(1) جمالیاتی تنقید (2) نفسیاتی تنقید

(3) سائنٹفک تنقید (4) مارکسی تنقید

34. بے نظیر اور بدر منیر کس مثنوی کے کردار ہیں ؟

(1) گلزار نسیم (2) سحرالبیان

(3) زہرِ عشق (4) طوطی نامہ

35. آزاد نظم کس زبان کی ایک شعری ہیئت ہے جو اردو میں داخل ہوئی ؟

(1) انگریزی (2) لاطینی

(3) اطالوی (4) فرانسیسی

36. کس نے اپنے کلام کو "گجری" سے موسوم کیا ہے؟

(1) ولی

(2) غواصی

(3) برہان الدین جانم

(4) نصرتی

37. کس صنف کے لیے زوربیان، شوکت الفاظ اور معنی آفرینی لازمی ہیں؟

(1) غزل (2) مثنوی

(3) قصیدہ (4) رُباعی

38. لکھنو میں کون قصیدہ نگاری کے لیے مشہور تھے ؟

(1) میر حسن (2) داغ دہلوی

(3) دبیر (4) مصحفی

39. مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(1) فارسی (2) عربی

(3) ترکی (4) سندھی

40. شوق کا پورا نام ہے

(1) تصدق حسین خاں

(2) سید انور حسین

(3) مرزا سلامت علی

(4) نواب مصطفیٰ خاں

41. کون دبستانِ لکھنو کی خصوصیات میں ہے؟

(1) حقیقت پسندی (2) سوزوگداز

(3) ابتذال (4) تصوف

42. منیر شکوہ آبادی کس کے شاگرد تھے؟

(1) آتش (2) ناسخ

(3) مصحفی (4) خلیق

43. سندھ کو اردو کی جائے پیدائش کس نے قرار دیا ؟

(1) محمود شیرانی

(2) گریرسن

(3) محمد حسین آزاد

(4) سید سلیمان ندوی



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

44. ”اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے“ یہ قول کس کا ہے؟
(1) شبلی نعمانی (2) سرسید
(3) محمود شیرانی (4) محمد حسین آزاد

45. فیروز شاہ بہمنی کی تخلیق ہے
(1) خوش نغز (2) طوطا کہانی
(3) پرت نامہ (4) شہادت الحقیقت

46. ”دریائے عشق“ مثنوی کے مصنف کون ہیں؟
(1) وجہی (2) میر حسن
(3) سودا (4) میر

47. ’منتخب عالم‘ کے خالق کون ہیں؟
(1) ناسخ (2) منیر شکوہ آبادی
(3) امیر مینائی (4) آتش

48. واعظ نہ تم پیو نہ کسی کو پلا سکو
کیا بات ہے تمہاری شراب طہور کی
اس شعر میں کیا پوشیدہ ہے؟
(1) طنز (2) نزاکت
(3) استعارہ (4) فلسفہ

49. ترے کوچے اس بہانے مجھے دن سے رات کرنا
کبھی اس سے بات کرنا کبھی اس سے بات کرنا
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(1) حسن تعلیل (2) تضاد
(3) تلمیح (4) مبالغہ

50. ”موازنۂ انیس و دبیر“ کس کی تصنیف ہے؟
(1) شبلی نعمانی (2) حالی
(3) محمد حسین آزاد (4) سرسید

51. ’کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے‘
یہ مرثیہ کس شاعر کا ہے؟
(1) انیس (2) خلیق
(3) دبیر (4) ضمیر

52. کون سا جز غزل سے متعلق نہیں ہے؟
(1) ردیف (2) مقطع
(3) سراپا (4) مطلع

53. ’خالق باری‘ کے مصنف کون ہیں؟
(1) مرزا غالب
(2) بندہ نواز گیسودراز
(3) مظہر جان جاناں
(4) ضیا الدین خسرو



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in

54. 'بہارِ عشق' مثنوی کے خالق کون ہیں؟

(1) مصحفی (2) میر حسن

(3) مرزا شوق (4) میر

55. ذیل میں کون دبستان لکھنؤ سے تعلق رکھتا ہے؟

(1) بسمل سعیدی (2) امیر مضیائی

(3) عبداللہ بیدل (4) مخمور سعیدی

56. چھوٹی بہن جو لاشے سے آکر لپٹ گئی

اک حشر، ہو گیا صفِ ماتم الٹ گئی

اس شعر میں کس کیفیت کی عکاسی ہے؟

(1) مزاح نگاری (2) جذبات نگاری

(3) مکالمہ نگاری (4) منظر نگاری

57. ابراہیم عادل شاہ ثانی کو کس فن سے غیر معمولی رغبت تھی؟

(1) فنِ خطاطی (2) ڈراما نگاری

(3) فنِ موسیقی (4) علمِ نجومی

58. 'ابراہیم نامہ' کس کی تخلیق ہے؟

(1) نصرتی (2) غواصی

(3) ابنِ نشاطی (4) عبدل

59. وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ

آتشِ عشق پڑی عقل کے سامان میں آ

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) ولی (2) محمد قلی قطب شاہ

(3) حاتم (4) وجہی

60. لسانیاتی اعتبار سے مغربی ہندی کا تعلق براہِ راست کس زبان سے ہے؟

(1) برج بھاشا

(2) ترکی

(3) عربی

(4) شورسینی اپ بھرنش

61. ولی پہلی بار کس بادشاہ کے عہد میں دہلی گئے؟

(1) اورنگ زیب (2) بہادرشاہ ظفر

(3) اکبرشاہ ثانی (4) جہاں گیر

62. اردو میں نظمِ معرّا کو ابتدا میں کس نام سے جانا گیا؟

(1) نظم غیر مردف (2) نظم غیر مقفّٰی

(3) نظم غیر مسلسل (4) ہائیکو

63. "نواحِ دہلی کی یہ بولیاں اردو کا 'اصل منبع اور سرچشمہ ہیں" یہ قول کس کا ہے؟

(1) محمد حسین آزاد

(2) محمود شیرانی

(3) سید سلیمان ندوی

(4) مسعود حسین خاں

64. کون شاعر مصحفی کا شاگرد تھا؟

(1) غالب (2) میر

(3) آتش (4) ظفر



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

.65 گرچہ ہے ملکِ دکن میں ان دنوں قدرِ سخن
کون جائے ........ پر دلّی کی گلیاں چھوڑ کر۔
خالی جگہ پُر کیجیے۔
(1) غالبؔ (2) میرؔ
(3) سوداؔ (4) ذوقؔ

.66 دبیرؔ کس کے بیٹے تھے؟
(1) مرزا محمد رفیع
(2) مرزا غلام حسین
(3) مرزا کفایت علی
(4) مرزا کرامت علی

.67 مرثیہ کے اجزا کا تعین کس نے کیا؟
(1) میر انیسؔ (2) مرزا دبیرؔ
(3) میر ضمیرؔ (4) میر خلیقؔ

.68 ''گلزارِ نسیم'' کی تصنیف سے قبل اس کے قصہ کو کس نے فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا تھا؟
(1) نہال چند لاہوری
(2) کاظم علی جوانؔ
(3) مظہر علی خاں ولاؔ
(4) بینی نراین جہاں

.69 کس نقاد نے مثنوی ''گلزارِ نسیم'' کو شاعرانہ اور فنکارانہ تخلیق کا معجزہ کہا ہے؟
(1) احتشام حسین (2) کلیم الدین احمد
(3) مجنوںؔ گورکھپوری (4) عبادت بریلوی

.70 معنوی اعتبار سے کس صنف کا ہر شعر اپنی جگہ ایک اکائی ہوتا ہے؟
(1) قصیدہ (2) مرثیہ
(3) رُباعی (4) غزل

.71 ''ذوقؔ نے مرقع کو ایسی اونچی محراب پر سجایا ہے کہ یہاں تک کسی کا ہاتھ نہیں پہنچتا۔''
یہ قول کس کا ہے؟
(1) محمد حسین آزاد (2) مولانا حالیؔ
(3) عبدالحق (4) قاضی عبدالودود

.72 کس بادشاہ نے سوداؔ کو وظیفہ کے علاوہ جاگیر بھی عطا کی تھی؟
(1) شجاع الدولہ (2) واجد علی شاہ
(3) آصف الدولہ (4) بہادر شاہ ظفرؔ

.73 مدت سے نہ آئی کوئی خبر، یارانِ گلستاں کیسے ہیں؟
اے بادِ صبا اتنا تو بتا سرو و گل و ریحاں کیسے ہیں؟
یہ شعر کس کی نظم کا ہے؟
(1) اخترؔ شیرانی (2) بسملؔ سعیدی
(3) ناطقؔ مالوی (4) دلؔ ایوبی

.74 ''نغمۂ آزادی'' نظم کے خالق کون ہیں؟
(1) بسملؔ سعیدی (2) شفیقؔ ٹونکی
(3) ناطقؔ مالوی (4) قمرؔ واحدی



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in

75. ''شاغل'' جے پوری کا پورا نام ہے

(1) انوارالرحمٰن (2) سلیم الدین
(3) احترام الدین (4) ابوالفیض

76. 'صبحِ آزادی' کس کی نظم ہے؟

(1) جوشؔ ملیح آبادی (2) اخترؔ شیرانی
(3) اکبرؔ الہ آبادی (4) فیضؔ

77. سب سے پہلے ایہام گوئی کے خلاف آواز اٹھانے والوں میں تھے

(1) مومنؔ (2) میرؔ
(3) غالبؔ (4) مظہرِ جانِ جاناں

78. ولیؔ نے کس صوفی بزرگ سے خرقۂ خلافت حاصل کی؟

(1) حضرت نظام الدین اولیاء
(2) شاہ علی رضا سرہندی
(3) بابا فرید گنج شکر
(4) حضرت امیر خسرو

79. غواصیؔ نے اپنی مثنوی ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' کس بادشاہ کے عہد میں تصنیف کی تھی؟

(1) علی عادل شاہ (2) علی قطب شاہ
(3) محمد قطب شاہ (4) فیروز شاہ

80. قلی قطب شاہ کی محبوبہ کون تھی؟

(1) ستونتی (2) بھاگمتی
(3) پدمنی (4) بدرمنیر

81. 'مرثیۂ غالبؔ' کس قسم کا مرثیہ ہے؟

(1) پابند مرثیہ (2) کربلائی مرثیہ
(3) شخصی مرثیہ (4) اصولی مرثیہ

82. امیر خسروؔ کے کلام پر خصوصاً دوہو، گیتوں اور ٹھمریوں پر کس زبان کا اثر پایا جاتا ہے؟

(1) برج بھاشا (2) پنجابی
(3) گجراتی (4) مراٹھی

83. اُردو نظم کے اولین اور قدیم ترین نمونے کس شکل میں ملتے ہیں؟

(1) آزاد نظم (2) مرثیہ
(3) رُباعی (4) دوہے

84. اردو پر ہریانی اثرات پر کون زور دیتا ہے؟

(1) محمد حسین آزاد
(2) محمود شیرانی
(3) محی الدین قادری
(4) مسعود حسین خاں

85. 'ماگدھی' کس علاقے کی پراکرت تھی؟

(1) متھرا (2) جنوبی بہار
(3) مہاراشٹر (4) کشمیر اور پنجاب




Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in
Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

86. 'ریختہ' کس زبان کا لفظ ہے؟
(1) عربی (2) فارسی
(3) ترکی (4) ہندی

87. 'چاند تاروں کا بن' نظم کا تعلق کس صنف سے ہے؟
(1) نثری نظم (2) معرّا نظم
(3) سانیٹ (4) آزاد نظم

88. 'قصہ بے نظیر' کے خالق کون ہیں؟
(1) مقیمی (2) وجہی
(3) غواصی (4) صنعتی

89. تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
اس شعر کے بدلے اپنا دیوان دینے کی پیش کش کس نے کی تھی؟
(1) میر (2) ذوق
(3) غالب (4) مومن

90. کس کو علمِ نجوم اور موسیقی سے دلچسپی تھی؟
(1) میر (2) غالب
(3) مومن (4) شاہ نصیر

91. 'پہلوانِ سخن' کسے کہا جاتا ہے؟
(1) آتش کو (2) انشا کو
(3) سودا کو (4) ناسخ کو

92. 'دستنبو' کس کی تخلیق ہے؟
(1) حالی (2) سرسیّد
(3) غالب (4) محمد حسین آزاد

93. سودا نے کہاں وفات پائی؟
(1) دلّی (2) لکھنؤ
(3) فیض آباد (4) رامپور

94. میر حسن کے اجداد کہاں سے آکر دہلی میں آباد ہوئے تھے؟
(1) بغداد (2) تہران
(3) ہرات (4) اصفہان

95. 'سمت کاشی سے چلا جانبِ متھرا بادل'
یہ قصیدہ کس کی شان میں کہا گیا ہے؟
(1) بہادر شاہ ظفر
(2) نواب واجد علی شاہ
(3) آصف الدولہ
(4) حضرت محمدؐ

96. 'جب قطع کی مسافتِ شب آفتاب نے'
یہ شعر کس کا ہے؟
(1) ضمیر (2) خلیق
(3) انیس (4) دبیر

www.prepp.in

97. اسیر لکھنوی کس کے حلقۂ تلامذہ میں ہیں ؟
(1) آتش (2) ناسخ
(3) انشا (4) مصحفی

98. مصحفی نے ''شاعرِ شیریں زباں'' سے کس کی تاریخِ وفات نکالی تھی ؟
(1) میر حسن (2) انشا
(3) جرأت (4) ناسخ

99. ''اندازے'' کس کی کتاب ہے ؟
(1) مجنوں گورکھپوری
(2) احتشام حسین
(3) آل احمد سرور
(4) فراق گورکھپوری

100. ذیل میں کون گیت نگار کی حیثیت سے جانا جاتا ہے ؟
(1) اقبال (2) حالی
(3) اختر شیرانی (4) آزاد

101. ساحر لدھیانوی کا پورا نام ہے
(1) سکندر علی (2) عبدالحیٔ
(3) غلام ربانی (4) احمد مجتبیٰ

102. جس میں وزن و بحر کی پابندی نہ ہو اور نہ قافیہ ردیف کا اہتمام اسے کہتے ہیں
(1) نظم معرّا (2) آزاد نظم
(3) نثری نظم (4) تضمین

103. 'مسدس' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں ؟
(1) دو (2) چار
(3) پانچ (4) چھ

104. صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔
(1) دبستان لکھنو – تصوف
(2) دبستانِ دہلی – خارجیت
(3) دبستانِ دہلی – داخلیت
(4) دبستانِ لکھنو – فلسفہ وحکمت

105. مرزا محمد ہادی کا تخلص ہے
(1) محسن (2) عزیز
(3) مضطر (4) حسرت

106. گیسودراز کے ''چکّی نامہ'' میں ''چکّی'' کا استعارہ ہے
(1) حرکت (2) مفلسی
(3) انسانی وجود (4) گردش

107. خواجہ بندہ نواز گیسودراز کے گلبرگہ پہنچنے پر کس نے شاہی لشکر کے ساتھ ان کا استقبال کیا تھا ؟
(1) سلطان فیروز شاہ
(2) محمد علی قطب شاہ
(3) علی عادل شاہ
(4) سلطان سکندر بخت

108. مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' کس کی تصنیف ہے ؟
(1) لطفی (2) صنعتی
(3) شوقی (4) نظامی



Prepp+ Subscription
Only ~~(₹999)~~ ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

109. 'دیوان زادہ' کس کا دیوان ہے ؟ جس کے دیباچہ میں زبان اور شاعری سے متعلق اپنے خیالات پیش کیے گئے ہیں۔

(1) آبرو (2) حاتم

(3) ناجی (4) مضمون

110. ولی کی دلی آمد کے کتنے سال بعد ان کا دیوان دلی پہنچا تھا ؟

(1) 15 سال بعد (2) 31 سال بعد

(3) 21 سال بعد (4) 28 سال بعد

111. نصرتی کا آبائی پیشہ کیا تھا ؟

(1) حکمت (2) سوداگر

(3) سپہ گری (4) کاری گری

112. ابتدا میں دکنی مرثیے کس شکل میں لکھے جاتے تھے ؟

(1) مثلث (2) غزل

(3) مسدس (4) مخمس

113. "گلشنِ ہند" کس کا تذکرہ ہے ؟

(1) مرزا علی لطف (2) مصحفی

(3) میر (4) باقر آگاہ

114. میر کے کل کتنے دیوان ہیں ؟

(1) پانچ (2) چھ

(3) سات (4) آٹھ

115. "بگڑا شاعر مرثیہ گو" کا فقرہ کیوں مشہور ہوا ؟

(1) کیوں کہ شعرا غزل سے بیزار ہوکر مرثیے کہنے لگے تھے۔

(2) کیوں کہ شعرا حفظ مراتب و صحتِ زبان کا خیال نہیں کرتے تھے۔

(3) مزاج کی لاپرواہی کی وجہ سے

(4) اس وقت شعرا مرثیہ گوئی کو لازمی قرار دیتے تھے

116. شعر مکمل کیجیے :

غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقول ........

آپ بے بہرہ ہے جو معتقد میر نہیں

(1) سودا (2) ذوق

(3) ظفر (4) ناسخ

117. محمد تغلق نے دیوگیری کو دارالسلطنت بنا کر اس کا نام کیا رکھا ؟

(1) امین آباد (2) احمد آباد

(3) دولت آباد (4) حیدرآباد

118. آبرو کا پورا نام ہے

(1) نجم الدین (2) غیاث الدین

(3) اکرام الدین (4) صلاح الدین



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams
1 Year Full Access
50,000+ Mock tests
10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in

119. آتش کی معاصرانہ نوک جھونک کس سے رہتی تھی؟

(1) مصحفی (2) مرزا دبیر

(3) ناسخ (4) انشا

120. ''آبِ حیات'' میں ''اُردو کا سعدی'' کس کو کہا ہے؟

(1) سودا (2) میر

(3) غالب (4) ذوق

121. ذوق کی تاریخِ وفات کیا ہے؟

(1) 1852 (2) 1853

(3) 1854 (4) 1856

122. خان آرزو کس کے شعروں کو ''حدیثِ قدسی'' کہتے تھے؟

(1) میر (2) غالب

(3) سودا (4) درد

123. ''شعرائے اردو کے تذکرے'' کے مصنف ہیں

(1) عبدالحق (2) احتشام حسین

(3) اختر اورینوی (4) سید عبداللہ

124. ''چراغِ کعبہ'' کس کی مثنوی ہے؟

(1) مصحفی (2) آتش

(3) محسن کاکوروی (4) میر حسن

125. سید سجاد یا عابدؓ حضرت امام حسینؓ کے کون تھے؟

(1) بڑے صاحبزادے

(2) مجھلے صاحبزادے

(3) چھوٹے بھائی

(4) چھوٹے صابزادے

126. صاف حیرت زدہ مانی ہو تو بہزاد ہو دنگ
خوں برستا نظر آئے جو دکھاؤں صفِ جنگ
اس شعر میں مانی اور بہزاد کون ہیں؟

(1) یزید کے لشکر والے

(2) نامور نقاش

(3) مشہور حکیم

(4) مشہور پہلوان

127. ''ادب اور زندگی'' کس کی کتاب ہے؟

(1) آلِ احمد سرور

(2) احتشام حسین

(3) وقار عظیم

(4) مجنوں گورکھپوری



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in

128.''اکبر کے عہد میں بیرونی مسلمانوں اور مقامی ہندوؤں کی زبان کے میل جول سے اردو بنی۔''
یہ کس کا نظریہ ہے؟
(1) محمود شیرانی (2) محمد حسین آزاد
(3) مسعود حسین خاں (4) میر امن

129.''بکٹ کہانی'' کا دوسرا نام کیا ہے؟
(1) سب رس (2) بارہ ماسہ
(3) تاج الحقایق (4) قطب مشتری

130.گریرسن نے ''ہندوستانی'' کس زبان کو کہا ہے؟
(1) برج بھاشا (2) گجراتی
(3) پنجابی (4) کھڑی بولی

131.'کھڑی بولی' کس زبان کی ایک شاخ ہے؟
(1) مغربی ہندی (2) سنسکرت
(3) سندھی (4) فارسی

132.آریائی زبانوں میں وہ کون سی واحد زبان ہے جس پر عربی کے براہِ راست اثرات پڑے ہیں؟
(1) گجراتی (2) مراٹھی
(3) سندھی (4) ہندی

133.خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کا اصلی نام کیا ہے؟
(1) سید غیاث الدین
(2) سید برہان الدین
(3) سید نظام الدین
(4) سید محمد حسینی

134.محمد قلی قطب شاہ کب تخت نشین ہوا؟
(1) 1560 (2) 1580
(3) 1570 (4) 1575

135.کون ہم عہد شعرا ہیں؟
(1) غالب - جوشؔ (2) سوداؔ - انیسؔ
(3) حاتمؔ - آرزو (4) میرؔ - اقبالؔ

136.برج بھاشا کا مرکزی شہر ہے
(1) دہلی (2) متھرا
(3) جے پور (4) پنجاب

137.وہ کون سا شاعر ہے جس نے چار قطب شاہی بادشاہوں کا دور دیکھا؟
(1) غواصیؔ (2) نصرتیؔ
(3) وجہیؔ (4) ابنِ نشاطیؔ

138.علی عادل شاہ نے 'ملک الشعرا' کا مرتبہ کس کو دیا تھا؟
(1) ولیؔ (2) غواصیؔ
(3) حسن شوقی (4) نصرتیؔ

139.مثنوی ''گلشنِ عشق'' میں کس کا قصہ نظم کیا گیا ہے؟
(1) لیلیٰ مجنوں
(2) شیریں فرہاد
(3) کنور منوہر اور مدمالتی
(4) بھاگ متی اور قلی قطب شاہ



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

www.prepp.in

140. ''قطب مشتری'' کس کی تصنیف ہے؟

(1) وجہی (2) اشرف بیابانی

(3) قلی قطب شاہ (4) ولی

141. سودا نے کس کے کہنے پر اردو میں شاعری شروع کی؟

(1) شاہ حاتم (2) آرزو

(3) شاکر ناجی (4) میر

142. تذکرہ 'نکات الشعرا' کس سن میں مکمل ہوا؟

(1) 1758 (2) 1766

(3) 1759 (4) 1752

143. کسے ''شمس العشاق'' کے نام سے بھی جانتے ہیں؟

(1) بندہ نواز گیسودراز

(2) ولی

(3) شاہ میراں جی

(4) شاہ حاتم

144. قصیدہ کی تمہید کو کہتے ہیں

(1) گریز (2) مدح

(3) مدعا (4) تشبیب

145. غواصی کی معاصرانہ چشمک کس سے ہوا کرتی تھی؟

(1) قلی قطب شاہ (2) وجہی

(3) ابنِ نشاطی (4) نصرتی

146. والیِ ٹونک کی مدح میں کس نے قصائد کہے؟

(1) سودا (2) میر

(3) ذوق (4) غالب

147. سب سے پہلے دلّی اور لکھنؤ کے دبستانِ شاعری کو مستقل حیثیت سے علاحدہ کس نے کیا؟

(1) داغ دہلوی (2) غالب

(3) ناسخ (4) ذوق

148. 'دام ہر موج میں ہے حلقہ صد کام نہنگ' اس کا مصرعہ ثانی کیا ہے؟

(1) دل کا رنگ کروں خونِ جگر ہونے تک

(2) خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

(3) دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہونے تک

(4) میں بھی ہوں ایک عنایت کی نظر ہونے تک

149. ''میں نے اپنی نظم و نثر کی داد جیسی چاہیے ویسی پائی نہیں۔ آپ ہی کہا - آپ ہی سمجھا'' یہ قول کس کا ہے؟

(1) میر (2) غالب

(3) مومن (4) سودا

150. کس شاعر کے کلام میں ایک مسلسل شور اور اضطراب کی کیفیت ملتی ہے؟

(1) مصحفی (2) ناسخ

(3) میر (4) سودا



Prepp+ Subscription
Only (₹999) ₹249/year
500+ Exams | 1 Year Full Access | 50,000+ Mock tests | 10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER

रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK



prepp Your Personal Exam Guide

Prepp+ Subscription
Only ~~(₹999)~~ ₹249/year
500+ Exams
1 Year Full Access
50,000+ Mock tests
10,000+ Pyp's
Unlock Your Success Today!
LIMITED TIME OFFER